۴۔ علامہ اقبال اور میر حجاز

مصنف : ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی

ناشر: بزم اقبال لاہور

ضخامت : ۴۸ صفحات

گو کہ یہ ایک مختصر کتاب ہے لیکن قدر و قیمت کے اعتبار سے ایک وزن رکھتی ہے۔ اس کتابچے میں علامہ اقبال اور میر حجاز کے موضوع پر تمام ضروری باتیں آ گئی ہیں - دو صفحات کے دیباچے کے بعد ۳۲ صفحات متن کے ہیں، تین صفحات پر حوالے اور حواشی آئے ہیں، کتابچے کا متن ۱۵ ذیلی عنوانات پر منقسم ہے - آخری دو ذیلی عنوانات "سفر حج کی تیاری" اور "کہ میرم در حجاز ہیں - علامہ اقبال کے عشق رسولؐ اور زیارت حرمین شریفین کی آرزو بلکہ حجاز میں آسودہ خاک ہونے کی علامہ اقبال کی تمنا کو مصنف محترم نے کس خوبی اور دل سوزی کے ساتھ اجاگر کیا ہے، فی الحقیقت قابل تحسین ہے - اس کو پڑھ کر خیال آتا ہے کہ علامہ اقبال کی طرف سے حج بدل کی پہلی ذمہ داری تو خود ان کی ورثا. کی بنتی ہے اور دیکھا جائے تو علامہ کی اسلامی خدمات کے حوالے سے ملت اسلامیان پاکستان پر بھی شرعاً نہیں تو اخلاقاً ذمہ داری آتی ہے - زیادہ کیا عرض کیا جائے ، حد ادب کا مقام آ جاتا ہے۔

۵۔ کتابیات اسلام (شمارہ جات ۳ ، ۶ ، ۷)

مصنف : عارف نوشاہی

ناشر: مغربی پاکستان اردو اکیڈمی ، لاہور

ضخامت : بالترتیب ۱۹۰ ، ۶۱۹ ، ۶۲

مغربی پاکستان اردو اکیڈمی کی طرف سے کتابیات اسلام کے نام سے مخطوطات کی فہرستیں چھپ رہی ہیں - اس سلسلے کے مذکورہ بالا تین شمارے ہمارے پیش نظر ہیں جن کے فہرست نگار ڈاکٹر عارف نوشاہی ہیں - موصوف مخطوطات کی فہرست سازی میں اپنا ایک مقام رکھتے ہیں۔ اس میدان میں ان کی مہارت محتاج تعارف نہیں۔ ذیل میں پیش نظر سلسلہ مطبوعات کے تینوں شماروں کا اجمالی تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

شمارہ ۳ " بھارت میں مخطوطات کی فہرستیں" کے عنوان سے ہے۔ اس کے مقدمے میں فہرست نگار نے صراحت کی ہے کہ اس سے قبل وہ " پاکستان میں مخطوطات کی فہرستیں -